صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 24 جون 2010ء بمطابق 11 رجب 1431ہجری سہ پہر تین بجکر پچپن منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، خوشدل خان ایڈوکیٹ مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم۔

لَآ اُقْسِمُ بِیَوْمِ الْقِیٰمَۃِO وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَۃِO اَیَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَہٗO بَلٰی قٰدِرِیْنَ عَلٰٓی اَنْ نُّسَوِّیَ بَنَانَہٗO بَلْ یُرِیْدُ الْاِنْسَانُ لِیَفْجُرَ اَمَامَہٗO یَسْئَلُ اَیَّانَ یَوْمُ الْقِیٰمَۃِO فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُO وَخَسَفَ الْقَمَرُO وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُO یَقُوْلُ الْاِنْسَانُ یَوْمَئِذٍ اَیْنَ الْمَفَرُّO کَلَّا لَا وَزَرَO اِلٰی رَبِّکَ یَوْمَئِذِ الْمُسْتَقَرُّO یُنَبَّؤُا الْاِنْسَانُ یَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ۔

(ترجمہ): قیامت کے دن کی قسم ہے اور پشیمان ہونے والے شخص کی قسم ہے کیا انسان سمجھتا ہے کہ ہم اس کی ہڈیاں جمع نہ کریں گے ہاں ہم تو اس پر قادر ہیں کہ اس کی پور پور درست کر دیں بلکہ انسان تو چاہتا ہے کہ آئندہ بھی نافرمانی کرتا رہے پوچھتا ہے کہ قیامت کا دن کب ہو گا پس جب آنکھیں چندھیا جائیں گی اور چاند بے نور ہو جائے گا اور سورج اور چاند اکٹھے کیے جائیں گے اس دن انسان کہے گا کہ بھاگنے کی جگہ کہاں ہے ہر گز نہیں کہیں پناہ نہیں اس دن آپ کے رب ہی کی طرف ٹھکانہ ہے اس دن انسان کو بتا دیا جائے گا کہ وہ کیا لایا اور کیا چھوڑ آیا ۔ وآخِرُ الدَعْوَانا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن۔

اراکین کی رخصت

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جزاکم اللہ۔ Now the leave applications of the honourable MPAs: جناب مفتی سید جانان صاحب، 2010-06-24تا2010-06-25; جناب نمروز خان، آنریبل منسٹر، 2010-06-24یعنی آج کیلئے; جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ، 2010-06-24یعنی آج کیلئے; سید مرید کاظم شاہ، منسٹر ریونیو، 2010-06-24تا2010-06-25، تو Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

ضمنی بجٹ برائے سال 2009-10 پر عام بحث

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: Leave is granted. Now coming to next item, General discussion on Supplementary Budget for the year 2010-11. I would like to give the floor to Janab Akram Khan Durrani Sahib, Leader of the Opposition-----

(قطع کلامی)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ایک منٹ، آپ تشریف رکھیں۔ Not present, لیپس شو۔ Next, جناب قلندر خان لودھی صاحب، آنریبل ایم پی اے۔ لودھی صاحب۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی</u>: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر، میں آپکا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے بجٹ 2010-11 اور ضمنی بجٹ 2009-10 پر اظہار خیال کا موقع دیا۔ جناب سپیکر! سالانہ بجٹ اس معزز ہاؤس سے منظوری کے بعد خرچ کیا جاتا ہے جبکہ ضمنی بجٹ خرچ کرکے پھر اس معزز ایوان سے منظوری لی جاتی ہے کیونکہ وہ رقم پہلے سے خرچ ہو چکی ہوتی ہے تو بادل نخواستہ، چاہتے یا نہ چاہتے ہوئے بھی اسے پاس کرنا پڑتا ہے۔ جناب سپیکر! اگر ہمارا یہ ضمنی بجٹ کا Trend ختم ہو جاتا تو یہ زیادہ بہتر ہوتا لیکن جناب سپیکر، ہمارے صوبے کے حالات ہی کچھ ایسے ہیں کہ رواں سال میں امن وامان کا مسئلہ ایسا تھا کہ بگڑتی ہوئی صورتحال کی وجہ سے ہمیں پولیس میں زیادہ بھرتیاں کرنی پڑیں اور زیادہ اسلحہ اور آرمز خریدنے پڑے اور اس کے ساتھ ہی پھر تنخواہ میں بہت زیادہ اضافہ ہوا اور ساتھ ہی آئی ڈی پیز کا مسئلہ بھی تھا تو ضمنی بجٹ کا آنا مجبوراً تھا کہ اس میں اضافی خرچ ہو گیا۔ جناب سپیکر، بعض اوقات اگر فلڈ آجاتے ہیں، لینڈ سلائیڈنگ ہو جاتی ہے، خدانخواستہ زلزلہ آجاتا ہے یا گندم پر سبسڈی دینی پڑ جاتی ہے، تو ایسے حالات میں

جس کیلئے بجٹ میں کوئی خاطر خواہ پروویژن نہیں ہوتی تو میں سمجھتا ہوں کہ اس میں ضمنی بجٹ کا آنا اور اضافی خرچہ ہونا مجبوری ہوتی ہے۔ جناب سپیکر! بعض اوقات ہماری اپنی ایسی حکمت عملی، پالیسی جو کہ ہم خود دعوت دیتے ہیں کہ ضمنی بجٹ آئے، مثلاً جیسا ابھی ہماری گورنمنٹ نے بڑا اچھا فیصلہ کیا کہ اس نے اپنے صوبے کے جسطرح کے حالات تھے، ان کے باوجود ملازمین کی تنخواہوں میں پچاس فیصد اضافہ کیا، جسے ہم Appreciate کرتے ہیں کہ بہت اچھا اقدام کیا لیکن اس کے ساتھ ہی اس وقت وہ پولیس فورس کو Ignore کر گئے۔ اس فلور پر اپوزیشن کی طرف سے لیڈر آف دی ہاؤس، اپوزیشن لیڈر نے بھی، باقی ہم سب نے بات کی لیکن یہ ایک ایسا امر ہے کہ یہ آپ کیلئے مجبوری ہوگی، کسی سٹیج پر بھی گورنمنٹ مجبور ہو جائے گی کہ ہم انکی تنخواہوں میں اضافہ کریں کیونکہ جو لوگ جان ہتھیلی پر رکھتے ہیں تو ان کے ساتھ حساب کتاب نہیں کیا جاتا۔ آخر میں گورنمنٹ کو ایسا سٹیج آئے گا کہ ان کو دینا پڑے گا۔ چونکہ اس وقت یہ مطالبہ ہماری طرف سے ہے اور حکومت اس کو شاید پریشر Consider کر رہی ہے تو اسلئے انہوں نے اس میں کوئی ایڈجسٹمنٹ نہیں کی۔ میرا خیال تو یہ تھا کہ آنریبل منسٹر اس کے ایڈجسٹمنٹ کیلئے کوئی عندیہ ہمیں دیتے لیکن اس میں خاموشی اختیار کی گئی۔ جناب سپیکر! میرے خیال میں میں Foresee کر رہا ہوں کہ آئندہ بھی اس بجٹ میں ہمارا ضمنی بجٹ خواہ مخواہ آئے گا۔ جناب سپیکر! اس میں ایک اور چیز ہے جو ہماری اپنی ہے کہ CVT، CVT ہم پر مرکز کی طرف سے یہ Capital Value Tax لگایا گیا، اس کی قباحت آپ دیکھیں جناب سپیکر، کہ اس میں، چونکہ آپ کا لاء سے تعلق ہے، دیکھیں کہ چار پرسنٹ انہوں نے لگا دیا تو ساتھ انہوں نے یہ کہا کہ چار پرسنٹ اس صورت میں ہے کہ اگر اس کا جو ٹیکس ہے، وہ ساٹھ ہزار پانچ سو روپے بن جائے تو اتنی ویلیو پر ایک آدمی اگر Per Canal زمین خریدے اور اس پر یہ چار پرسنٹ لگے تو ساٹھ ہزار پانچ سو روپے ہو جائیں تب تو ٹھیک ہے، اگر یہ نہیں ہوتا تو پھر اس پر ایک سو روپے Per squar yard اس سے وصول کیا جائے اور اس ایک کنال پر ساٹھ ہزار پانچ سو روپے ہو جاتے ہیں۔ دیکھیں ایک طرف اس کو بالکل پابند کر دیا ہے حالانکہ میں نے ایک آدمی سے اس دن بھی یہ کہا ہے کہ ہمارے علاقے ایسے ہیں کہ وہ Backward علاقے ہیں جہاں پر ہماری زمین پانچ ہزار روپے کنال بھی بکتی ہے تو اس پر ساٹھ ہزار پانچ سو روپے لوگ کیسے دیں گے؟ تو اس سے جو قباحت ہوئی ہے، وہ یہ ہوئی ہے کہ اس میں ساڑھے سولہ مرلے جو ہیں، وہ Exempted ہیں جی، جناب سپیکر، ساڑھے سولہ مرلے Exempted ہیں، اب لوگوں نے اگر دس کنال خریدنی ہے تو وہ ساڑھے سولہ، پندرہ پندرہ مرلے

کر کے اپنی ساری زمین پورے خاندان کے نام پر کر لیتے ہیں اور حکومت کو جو ریونیو جنریٹ ہوتی ہے یا Collect ہوتی ہے تو وہ تو ختم ہو گیا اور وہ لوگ جنہوں نے اپنا تو کام کرنا ہے، وہ سال میں کریں گے، دو سال کے وقفے پر اپنے پندرہ پندرہ مرلے کر کے وہ کر لیتے ہیں تو اس کیلئے میں نے اپنی بجٹ تقریر میں یہ پروپوزل بھی دی تھی اور میں نے یہ ریکویسٹ بھی کی تھی کہ جیسے پنجاب میں، چونکہ اب ہمارے صوبے خود مختار ہیں، اب جبکہ وہ خود مختار ہیں تو صوبہ اپنا فیصلہ خود کر سکتا ہے۔ یہ تو مرکز کا نوٹیفیکیشن تھا، تو اب اگر یہ صوبہ بھی، جیسا کہ پنجاب نے دو پرسنٹ کر دیا ہے تو اس پر بھی دو پرسنٹ کر دے اور یہ دو پرسنٹ اس ویلیو پر ہو جس پر کوئی آدمی زمین خریدتا ہے یعنی انتقال کے اماونٹ پر، اسطرح وافر مقدار میں ہمارا ریونیو Collect ہو جاتا، تو یہ پہلے CVT ہم نے لگا تو دیا لیکن یہ وصولی نہیں ہو گی، تو چونکہ ہماری وصولیات کم ہونگی تو یہ بھی میں دیکھ رہا ہوں جی کہ یہ بھی ضمنی میں آئے گا جی۔ جناب سپیکر! پچھلی دفعہ گورنمنٹ نے بڑا اچھا ایک اقدام کیا ہے کہ Unattractive area کو ہزار روپے الاؤنس دیا ہے لیکن اس کے ساتھ ایک بات یہ ہو گئی ہے کہ اس میں Unattractive area ایک ہی ہے لیکن اس میں ایک بات اور ہے کہ ایک Incentive کا لفظ جو ہے، وہ جو ساتھ چل رہا تھا جی، 1980-02-07، 1980-02-12 سے وہ آ رہا تھا، تو وہ Incentive ہے، Incentive Load جو ہے، وہ اسی طرح سے ہے کہ 125 روپے، 175 روپے اور 200 روپے۔ سکیل ایک کو پچھتر روپے اور سکیل پندرہ تک ایک سو پچھتر، ایک سو پچیس ہے اور اس سے اوپر جو ہے، دو سو ہے جی، تو میرے پاس ساری چیزیں اور فگرز ہیں، اگر پرائم منسٹر صاحب کو چاہئیں ہوں تو میں ان کو انشاء اللہ Provide کر سکتا ہوں جی، تو اب اس میں ایک بڑی بے چینی یہ ہے کہ ایریا Unattractive ہی ہے لیکن اب اس صوبائی گورنمنٹ نے جو پچھلے سال کیا ہے اور 2009-10 میں انہوں نے جو اناؤنس کیا ہے تو اس میں انہوں نے ہزار روپے دیے ہیں Un-attracted area کو اور جو Incentive Allowance ہے، وہ وہی پرانا 1980 سے پڑا ہوا ہے، وہ لوگ چلا رہے ہیں کہ ہمارا کیا گناہ ہے؟ ہمیں 1980 سے یہ Incentive دیا جائے اور اس کا نام تھا Incentive Allowance، وہ اس وقت دیا جا رہا تھا اور اب Unattractive Allowance اس کا نام رکھ دیا گیا تو اب ان کو تو ہزار روپیہ مل رہا ہے Per month اور ہمیں وہی پچھتر، ایک سو پچیس، ایک سو پچھتر اور دو سو روپے مل رہے ہیں، تو ان میں بڑی بے چینی ہے۔ اگر یہ بھی نہیں ہو گا تب جب گورنمنٹ کو یہ بڑھانے پڑیں گے، یہ بجٹ سے پہلے بھی میں نے فلور آف دی ہاؤس پہ کہا تھا، بجٹ میں بھی کہا تھا، اگر ابھی اس کو ایڈجسٹ کر

لیتے تو یہ کل اس پر بھی ضمنی آئے گا سر، خواہ مخواہ وہ بھی ان کے ملازم ہیں، اپنے صوبے کے لوگ ہیں، ان کو دینا پڑے گا۔ آپ اسی علاقے میں ہزار روپیہ ایک کو دے رہے ہیں جو کام کر رہا ہے اور ایک کو آپ دے رہے ہیں پچھتر روپیہ اور ایک سو پچیس روپیہ اور ایک سو پچھتر اور دو سو، تو یہ کیسے Possible ہو گا جناب سپیکر؟ باقی جناب سپیکر، میرے خیال میں دوسری بات یہ ہے جی کہ یہ تو میں نے بجٹ کے متعلق باتیں کیں، اب جنرل بات ہے جناب سپیکر، جیسا کہ میرا یہ صوبہ، میرے صوبے کے لوگوں کی ایک روایت ہے، ایک رواج ہے اور اس کے بعد ان کی ایک شہرت تھی، اس صوبے کا آدمی چاہے کراچی میں چلا جاتا ہے، چاہے لاہور میں چلا جاتا ہے، چاہے ملک کے کسی حصے میں ہو، چاہے وہ کلاس فور کی سیٹ پر ہوتا یا کسی اعلیٰ عہدے پر ہوتا تو وہ ادارہ اور وہ مالک جس کے پاس وہ ہوتا تھا، اس پر فخر محسوس کرتا تھا، اسلئے فخر محسوس کرتا تھا کہ یہ ان پٹھانوں کی ایک روایت تھی کہ وہ مرمٹیں گے، سب کچھ کریں گے، وہ صحیح مسلمان ہیں، صحیح پٹھان ہونے کے ناطے سے وہ بددیانت نہیں ہیں اور ایماندار ہیں، بہادر ہیں اور جرات مند ہیں لیکن جناب سپیکر، وہ لوگ جو اسے نہیں چاہتے تھے اور وہ، عیار میں انکو کہوں گا، جنہوں نے اس صوبے کے امن کو تار تار کیا جو کہ باہر کے کسی کے ایجنڈے پر چل رہے تھے اور انہوں نے آکے میرے اس صوبے کے امن کو تہس نہس کیا اور خاصکر ملاکنڈ کو اور اس کے بعد میرے علاقہ غیر میں اور باقی پورے صوبے میں۔ تو اب میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں اس گورنمنٹ کو کہ انہوں نے فوج کے ساتھ، مرکزی گورنمنٹ کے ساتھ، پولیس کے ساتھ، ایف سی کے ساتھ، باقی لاء انفورسمنٹ ایجینسیز کے ساتھ مل کر ان دہشت گردوں کو ٹارگٹ کیا جو کہ ان کا ایک بہت بڑا اچھا اقدام ہے جی لیکن اس کے ساتھ میں یہ چاہتا ہوں اور میں یہ کہونگا کہ اگر کوئی کام In time کیا جائے تو میرے خیال میں اس میں اتنی کوئی تردد نہیں ہوتی، آپ نے دیکھا کہ ہمارا پورا صوبہ اور ہمارا ملاکنڈ تہس نہس ہو گیا جس پر ہماری پوری اے ڈی پی لگ جائے تو پھر بھی ہم اسے کتنے سالوں میں بحال کریں گے؟ اگر یہ In time ہو جاتا، ان لوگوں کا ایک مطالبہ تھا، وہ دین کی آڑ میں جو چند غلط لوگ بھی تھے، انہوں نے بھی دین کی آڑ پکڑی ہوئی تھی، علماء بھی تھے اور وہ ان کا دین کا بہت اچھا مطالبہ تھا، چونکہ ہمارا یہ ملک حاصل ہی اسلام کے نام پر ہوا ہے تو ہم بھی چاہتے ہیں کہ اس میں اسلامی نظام ہو لیکن وہ نظام عدل چاہ رہے تھے، وہ نظام عدل چاہنے والے جو تھے، وہ مخلص تھے لیکن اس میں جو غلط لوگ گھس گئے اور انہوں نے اس کو Highlight کیا اور اس میں کچھ لوگ ان کو دہشت گردی کی طرف لے گئے، میں کہتا ہوں کہ سابقہ گورنمنٹ یا یہی گورنمنٹ اگر اس وقت شروع سے ہی

نظام عدل نافذ کر دیتی تو میرے خیال میں ان غلط ٹائپ لوگوں کو کسی چیز میں آگے آنے کا اور دہشتگر دی کو فروغ دینے میں کوئی موقع نہ ملتا۔ جناب سپیکر! اسی طرح آپ کی وساطت سے گورنمنٹ سے میری یہ عرض ہوگی کہ حالات جہاں بھی بگڑیں، ملک ہو، صوبہ ہو، جو بھی ہو، ہمارا یہ ملک ایک جسم کی حیثیت رکھتا ہے، ہمارا صوبہ ایک جسم کی حیثیت رکھتا ہے اور جسم میں جس جگہ کوئی تکلیف ہوگی تو سارا جسم درد محسوس کریگا، پریشانی محسوس کریگا۔ جناب سپیکر! اسی طرح اس وقت میرا ہزارہ ڈویژن پریشانی میں ہے، جس میں کچھ لوگ ایسی سٹیٹمنٹس دے رہے ہیں کہ ہم یہ کر دیں گے، وہ کر دیں گے، میرے خیال میں اس طرح سے کبھی امن یا اچھائی کی طرف ہم نہیں جا سکتے۔ اگر اس میں بہتری کی کوئی بات کی جاتی تو، دیکھیں، ابھی یہ اے ڈی پی گزری ہے، اس میں کوئی Fruitful چیزیں ہمیں نظر آتیں تو میری ہزارہ وال قوم دیکھتی کہ ہمارا انہوں نے کچھ تدارک کیا۔ اس کے بعد اگر ان کا ایک جائز، جمہوری اور آئینی مطالبہ ہے تو اس پہ وہ پرامن طریقے سے اپنا احتجاج کر رہے تھے، انکا حق ہے، ہر آدمی کا حق ہے، ہر شہری کا حق ہے کہ پرامن احتجاج وہ کر سکتا ہے لیکن ہماری ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کی نااہلی کی وجہ کہ انہوں نے ایسے پرامن جلوس پر، پرامن Gathering پر دفعہ 144 کا جواز پیدا کر کے ان پر فائرنگ کی، جس میں کچھ لوگ شہید ہوگئے، اس میں دوڈھائی سو آدمی زخمی ہوگئے، تو میں جناب سپیکر، آپکی وساطت سے گورنمنٹ سے پوچھتا ہوں اور میں اس معزز ایوان کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ 20 تاریخ کو دفعہ 144 لگا ہوا تھا، کراچی جو کہ میرے ملک کا سب سے بڑا شہر ہے، اس میں کتنا بڑا جلوس نکلا، کیا اس پر کوئی فائرنگ کی گئی؟ اس میں کوئی مارا گیا، کیا اس پر کچھ کیا گیا؟ برداشت کیا وہاں کی گورنمنٹ نے اور وہ جلوس شام کو ختم ہوگیا۔ اسی طرح احتجاج ہوتے ہیں، صبح ہوتے ہیں اور شام کو ختم ہو جاتے ہیں۔ قومیں نکلتی ہیں، کرتی ہیں اپنا اپنا احتجاج جمہوری طریقے پہ لیکن انہیں باغوں میں ناحق شہید کیا گیا اور اسکے بعد جناب سپیکر، اس پر ظلم در ظلم کہ پھر اسکے بعد پندرہ سو گولیاں چلائی گئیں، وہ بھی پولیس نے پندرہ سو گولیاں چلائیں۔ اب یہ رپورٹ آگئی ہے تو اس میں پندرہ سو گولیاں چلانے والے پلڑے میں برابر ہیں اور جس نے کھائی ہیں، وہ بھی برابر ہیں۔ اس میں ایڈمنسٹریشن بھی برابر شریک ہے اور اس میں سیاسی بھی برابر کے شریک ہیں۔ جناب سپیکر! میں آپ کو یہی۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> قلندر خان صاحب، Come to the point، آپ بجٹ پر بحث کریں، اس کی بالکل ضرورت نہیں ہے۔ Wind up your speech، آپ کو بہت ٹائم دے دیا گیا۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر! اسکا تعلق ضمنی بجٹ سے ہے، اس کا تعلق ضمنی بجٹ سے ہے۔ جیسا کہ میرا ملاکنڈ تباہ ہوا، آج اس پر سارا میرا بجٹ جو ہے، کل اگر گورنمنٹ تباہ کرے گی ہزارہ کو تو پھر اس کو۔۔۔۔۔

Mr. Deputy Speaker: Please conclude your speech-----

(قطع کلامی)

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ تشریف رکھیں قلندر لودھی صاحب۔ قلندر لودھی صاحب! آپ دیکھیں، You should confine yourself to the point، آپ نے بہت ٹائم بھی لے لیا ہے، اس سے اس کا کوئی تعلق نہیں اور یہ Irrelevant جو آپ کہہ رہے ہیں تو اب آپ اپنی سپیچ کو Conclude کرلیں تاکہ میں دوسرے ممبر کو فلور دے دوں۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، میں نہیں سمجھا۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ Conclude کریں پلیز، آپ نے بہت ٹائم لے لیا۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، میں تو یہ کہہ رہا تھا کہ ضمنی بجٹ اس طرح سے ہے۔۔۔۔۔

Mr. Deputy Speaker: Confine yourself to your own points.This is general discussion on Supplementary Budget and you should confine yourself to only that one.

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، یہ ہوتا ہے یا تو ناگہانی کوئی آفت آجاتی ہے، فلڈ آجاتا ہے، لینڈ سلائیڈنگ آجاتی ہے، زلزلہ آجاتا ہے تو چونکہ وہ Unforeseen items ہوتے ہیں، اسلئے پہلے سے بجٹ میں اس کی پروویژن نہیں ہوتی تو اسلئے اضافی بجٹ بعد میں دینا پڑتا ہے۔ اس طرح کے حالات جو آجاتے ہیں تو میں جناب سپیکر، یہ چاہونگا کہ صحیح حالات میں ہمارا بجٹ پہلے سے ایسی پلاننگ سے بنایا جائے تاکہ کل اس پر ہمیں کوئی ضمنی بجٹ کی ضرورت نہ پڑے اور اس میں زیادہ اخراجات نہ اٹھیں۔ جیسا کہ میں نے پہلے ذکر کیا کہ ہمارے ہاں لاء اینڈ آرڈر کے حالات خراب ہوگئے تو اس کی ہم منظوری بھی دیں گے، ہم مانتے ہیں کہ وہ کسی کے اختیار میں نہیں تھا، اس میں اسلئے پولیس میں بھرتی زیادہ کرنی پڑی کہ لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ تھا، آگ جلائے گئے اور سب کچھ، میں یہی چاہونگا کہ آئندہ ایسے حالات پر نظر رکھی جائے تاکہ دوبارہ ایسے حالات پیدا نہ ہوجائیں کہ کل جس پر دوبارہ اس قسم کے اربوں روپے کے خرچے اٹھیں۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> Thank you very much. Next one, the honourable Sardar Aurangzeb Nalotha Sahib, please. Nalotha Sahib.

<u>سردار اورنگ زیب نلوٹھا:</u> شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب، میں مشکور ہوں آپکا کہ آپ نے مجھے ضمنی بجٹ پر بولنے کا موقع فراہم کیا۔ میں جناب سپیکر صاحب، انتہائی مختصر، چند منٹوں میں اپنی بات کو ختم کرونگا۔ ہر سال حکومت جب بجٹ پیش کرتی ہے تو اسکے ساتھ ضمنی بجٹ بھی پیش کیا جاتا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ صوبائی حکومت کیلئے یہ ضمنی بجٹ بار بار پیش کرنا کوئی اچھی بات نہیں ہے۔ کوئی ایسا بجٹ پیش کیا جائے جس میں ضمنی بجٹ کی ضرورت پیش نہ آئے۔ بہر حال پھر بھی جو گزشتہ سال آئی ڈی پیز کے حوالے سے، پولیس کی تنخواہوں کے حوالے سے اور ترقیاتی سکیموں کے اخراجات کے حوالے سے انہوں نے ضمنی بجٹ پیش کیا، وہ تو جناب، کسی حد تک ٹھیک ہے اور ہم اسکو سپورٹ کرتے ہیں لیکن جاریہ اخراجات کی جو مختلف محکموں کے حوالے سے تفصیل پیش کی گئی ہے، 30.614 ملین، مختلف محکموں کے حوالے سے جو اضافی اخراجات ہوئے ہیں، میں یہ سمجھتا ہوں کہ خود محکموں والے بجٹ تیار کرتے ہیں اور پھر سال کے پورا ہونے کے بعد، مکمل ہونے کے بعد پھر اس پر یہ اضافی اخراجات آجاتے ہیں، تو محکموں کو ڈسپلن کے اندر رہتے ہوئے اور اپنے بجٹ کے اندر رہتے ہوئے اخراجات کرنے چاہئیں۔ ہر سال یہ محکمانہ حوالے سے جو اضافی اخراجات مانگے جاتے ہیں، یہ میرے خیال کے مطابق کسی بھی طریقے سے ٹھیک نہیں ہیں اور یہ نہیں ہونے چاہئیں۔ میری یہ تجویز ہے اور جناب، میں اسی پر اکتفا کرتا ہوں۔ شکریہ۔

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> Thank you. Next one, Janab Iqbal Din Sahib, honourable MPA. Not present, it lapses. Janab Hayat Khan, honourable MPA. Malik Hayat Khan, please.

<u>جناب حیات خان:</u> سر، ما وئیلی وو چه زۀ به سبا نه بل سبا په دے باندے تقریر کوم۔ تیاری مے نه دے کړے۔

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> Janab Fazlullah Sahib, honourable MPA. Next one, Mohtarma Noor Sehar Sahiba, honourable MPA. Noor Sehar Sahiba, please. Noor Sehar.

<u>محترمہ نور سحر:</u> جی، سب سے پہلے اپوزیشن بھائیوں کیلئے ایک شعر ہے:

ے تنہائی جب مقدر میں لکھی ہے
توکیا شکایت ہے اپنے اور بیگانے سے
ے ہم مٹ گئے جنکی چاہت میں فراز

وہ باز نہیں آئے ہمیں آزمانے سے

تھینک یو۔ سپیکر صاحب، میں اپنی بات شروع کرتی ہوں ضمنی بجٹ کے حوالے سے کہ ابھی ہمارے قلندر لودھی صاحب نے ملاکنڈ کا ذکر کیا، تو میں ان سے یہ کہتی ہوں کہ ملاکنڈ تو پاکستان کا وہ حصہ ہے جو زخمی زخمی ہو کر، چیر چیر ہو کر رہ گیا ہے لیکن اللہ کے فضل سے ہماری وفاقی حکومت اور صوبائی حکومت کی میں بہت شکر گزار ہوں اور ان کو سلام پیش کرتی ہوں کہ بہت ہی تھوڑے سے عرصے میں انہوں نے ان کو ایڈجسٹ کیا، آج ہم ان پر فخر کر رہے ہیں لیکن انکا نام لینے سے پہلے آپ سوچیں کہ ان پر کیا گزری ہے؟ آپ ہزارہ کی بات کرتے ہیں تو ہزارہ تو آپ نے خود اپنے لئے ایک مصیبت بنائی ہوئی ہے۔ جس دن سے پختونخوا کا نام آیا ہے تو اس دن سے آپکو مصیبت پڑی ہوئی ہے اور جس سے لوگ فائدہ اٹھا کر آپ لوگوں کو اور بھی بھڑکا رہے ہیں اور آپ ان کی باتوں میں آکر خود اپنے لئے مسئلے نہ بنائیں۔ ہم نے خود تو نہیں بنائے تھے، ہمیں تو قدرت کی طرف سے ملے تھے اور آپکی گورنمنٹ سے ہمیں یہ ملے تھے جو پانچ سالہ گورنمنٹ میں بیٹھے ہوئے تھے۔ 2007 میں جو دھماکے ہوئے تھے تو وہ سنتر دھماکے ہوئے تھے اور 2007 میں ہم موجود نہیں تھے، یہ کہاں سے آئے تھے؟ یہ آپ کی وراثت سے ہمیں ملے تھے۔۔۔۔۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> جناب سپیکر صاحب، یہ ضمنی بجٹ سے ہٹ کر بات کر رہی ہیں، ان کو کہیں کہ ضمنی بجٹ پر بات کریں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> نور سحر، Confined to your point، آپ یہ کیا کر رہی ہیں؟ Come to the point, to the point.

<u>محترمہ نور سحر:</u> ضمنی بجٹ کے حوالے سے آتی ہوں کہ ایک مصیبت سے ہو کر ہم آئے ہوئے ہیں، یہ جو ہمارے پچھلے سال کا بجٹ تھا، شکر کریں کہ ہم نے آج کس طرح اچھا بجٹ بنایا۔ وہ حالات اللہ کسی پر نہ لائے، کسی گورنمنٹ پر بھی نہ لائے جس سے ہم پچھلے سال گزر چکے ہیں۔ کتنے آئی ڈی پیز آئے تھے، اگر لوگوں کے گھر دس مہمان آجاتے ہیں تو لوگ کہتے ہیں کہ کس طرح انکو ایڈجسٹ کریں گے؟ ہمارے تو پچیس، تیس لاکھ بندے آکر بیٹھ گئے تھے اور انکو کس طرح ہم نے خوشی سے رخصت کیا ہے؟ کتنے کم عرصے میں انکو ایڈجسٹ کر کے انکو عزت کے ساتھ واپسی دی ہے؟ ابھی ان کی Rehabilitation ہو رہی ہے۔ ہماری پولیس کے کتنے بندے شہید ہو گئے ہیں اور ان کو کتنے پیسے ہم نے دیئے ہیں؟۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> نور سحر۔

<u>محترمہ نور سحر:</u> جی سر، بجٹ پر بات کر رہی ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کیا بات کر رہی ہیں؟

محترمہ نور سحر: سر، جی ضمنی بجٹ پر بات کر رہی ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بجٹ پر آجائیں، پلیز بجٹ پر آجائیں۔

محترمہ نور سحر: بجٹ میں اسلئے خسارہ ہے کہ یہ مسئلہ تھا۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بجٹ پر آجائیں، پلیز بجٹ پر آجائیں۔

محترمہ نور سحر: میں اپنے ضمنی بجٹ کے حوالے سے کہہ رہی ہوں کہ ہمارا بجٹ اسلئے کم ہو گیا کہ اتنے مسائل ہمیں درپیش تھے، ویسے بجٹ کم نہیں ہوا تھا، جتنے مسائل سے ہم گزرے ہیں، اس سے کوئی بھی حکومت اس طرح سے نہیں گزری۔ سیکورٹی ہمارا مسئلہ بنا ہوا تھا، شہداء کو ہم نے کافی پیسے دیئے ہیں اور Rehabilitation میں بھی جا رہے ہیں تو یہ کہاں سے آتے ہیں؟ یہ ہمارے ان لوگوں کو اس صوبے کی وساطت سے جاتے ہیں اور صوبے کو وفاق سے آتے ہیں۔ جب وہاں سے آتے ہیں تو یہاں پر ہم لوگوں کو دیتے ہیں اور لوگوں کو ایڈجسٹ کرواتے ہیں، سیکورٹی وائز پولیس کو دیتے ہیں۔ یہ جو روڈز کے اوپر سارا دن سیکورٹی والے، جو دس کی بجائے ہم نے تیس تیس کیئے اور تیس کی بجائے چالیس چالیس رکھوا دیئے آپکی رکھوالی کیلئے، تو انکو کہاں سے ہم ایڈجسٹ کرتے ہیں؟ اسی بجٹ میں ہم انکو ایڈجسٹ کرتے ہیں۔ آپ کو تو اس گورنمنٹ کا شکریہ ادا کرنا چاہیئے کہ انہوں نے اتنے کم عرصے میں اور اتنے اچھے خلوص سے اپنے لوگوں کو ایڈجسٹ کروایا اور ہزارہ والے بھی ہمارے بھائی ہیں اور اگر ادھر بھی کچھ ہوتا ہے تو ان کیلئے دل و جان قربان کرتے ہیں لیکن یہ ہے کہ یہ بات نہ کریں کہ ملاکنڈ ڈویژن اور اسکا ایک ہی حال ہے۔ ملاکنڈ ڈویژن کی حالت کچھ اور تھی اور ہمارا بجٹ جو ہے، وہ تو اسلئے خسارے میں آگیا ہے کہ اس دفعہ ہمارے صوبے کے حالات بہت خراب تھے اور بہت تشویشناک تھے جس کو ہم نے صحیح کروایا، لوگوں کی تنخواہیں ہم نے بڑھا دی ہیں۔ بار بار پولیس کا جہاں پر ذکر ہوتا ہے تو 100% انکی تنخواہیں بڑھائی گئی ہیں تو 100% کہاں سے بڑھائی گئی ہیں؟ اسی گورنمنٹ نے تو انکو دی ہے۔ باقی آسمان سے تو اتر کے کوئی نہیں لایا؟ تو گورنمنٹ نے ان کی تنخواہیں بڑھائی ہیں۔ ابھی 100% پھر ہم نے لوگوں کی تنخواہیں بڑھائی ہیں تو حکومت کی اچھی چیزوں اور Achievements کو بھی سراہا جاتا ہے، یہ نہیں کہ ہمیشہ تنقید کی جاتی ہے۔ تو میں آپ سے یہ گزارش کرتی ہوں، اپوزیشن بھائیوں سے کہ ٹھیک ہے آپ اپوزیشن والے اپنی جگہ صحیح ہیں لیکن کبھی گورنمنٹ کیلئے بھی اچھے دو الفاظ بول دیا کریں کہ انہوں نے ایسے حالات میں اتنا اچھا بجٹ پیش کیا

ہے کہ صوبہ کس دہانے پر کھڑا ہوا تھا؟ ہم تو حالت جنگ میں تھے اور جنگ کے حالات میں بجٹ بنانا مشکل سے مشکل ترین کام تھا لیکن اللہ کے فضل سے وہ کام ہم نے پورا کر دیا اور آج جو بجٹ آیا ہے تو اسکو بھی Appreciate کریں کہ کتنا اچھا بجٹ ہم نے پیش کیا، کتنے Achievements ہم اس میں لائے ہیں۔ میں اس بندے کا نام لیتی ہوں کہ جو ہر روز نئے مسئلے پیدا کرتا ہے اور ایسا دن نہیں ہے کہ اس نے کوئی مسئلہ پیدا نہ کیا ہو لیکن اللہ کے فضل سے، اللہ پر ہمارا یقین ہے اور اس خون پر ہمارا یقین ہے کہ جس نے خون کی بازی لگا کر ہمیں یہ گورنمنٹ دی ہے اور اتنی آسانی سے وہ اس پر قابو پا لیتا ہے، آسانی سے وہ ان مشکلات سے گزر جاتا ہے مگر اس فلور پر اس بندے کا نام لینا کسی نے آج تک گوارا نہیں کیا جس نے یو این او کے کانفرنس میں صدر پاکستان بن کر سب سے پہلے اعلان کیا کہ پختونخوا کا نام میں یہاں لیتا ہوں، تو اس نے اسفندیار ولی کے ساتھ دوستانہ تعلقات کی بناء پر یہ نام لیا اور آج ان کی کوششوں سے یہ پختونخوا نام بنا ہے۔ وہ اگر ساتھ نہ دیتا تو بڑا مشکل ہو جاتا، آج اسی گورنمنٹ نے پختونخوا کا نام ہمیں دیا ہے۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب،، بجٹ پر تقریر کریں، یہ بجٹ پر نہیں بول رہی ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ تشریف رکھیں، No cross talking۔

محترمہ نور سحر: اس گورنمنٹ نے ہمیں پختونخوا کا نام دیا ہے، یہ آصف علی زرداری صاحب تھے جنھوں نے پختونخوا کا نام دیا ہے، ترسٹھ سال میں کسی نے اتنی جرات کی تھی؟ آخر انہوں نے جرات کی ہے کہ یہ پختونخوا کا نام دیا ہے اور آج پختونخوا کے نام سے سب کو آگ لگی ہوئی ہے اور ہم فخر کرتے ہیں کہ ہمارے پیپلز پارٹی کے صدر، صدر آصف علی زرداری صاحب کی وجہ سے ہمیں یہ نام ملا ہے اور پختونوں کو وہ مقام دیا ہے جس کی تلاش میں ہم نے ترسٹھ سال گزار دیئے ہیں۔ اگر آپ اس کو Appreciate نہیں کر سکتے تو کم از کم اس پر تنقید تو نہ کریں۔ اگر آپ کو ہزارہ نام چاہیئے تو پہلے آپ کہہ دیتے، ابھی خیبر کا نام کس نے دیا ہے؟ نواز شریف نے دیا ہے۔ خیبر کا نام دیتے وقت اس کو ہزارہ یاد نہیں تھا؟ آپ اس کا نام لے کر چیخیں کہ کیا ان کو اس وقت ہزارہ نام یاد نہیں تھا؟ خیبر کی جگہ ہزارہ لکھ دیتا، ہمیں تو تکلیف نہیں تھی، ہم نے تو پختونخوا کا نام مانگا تھا، ہم نے خیبر کا نام تو نہیں مانگا تھا، انہوں نے خیبر کا نام لگا کر ہمیں دیا ہے۔ اب وہ ہزارہ کا نام لگا سکتا ہے، یہ آپ کا اور ان کا مسئلہ ہے، ان کے ساتھ نبھائیں۔ ہم نے تو ان کو کھلے عام اجازت دی تھی کہ جو نام آپ کو پسند ہو، ان کو ایک عزت دی اور انہوں نے اس عزت کا فائدہ اٹھا کر خیبر کا نام دیا ہے جس پر ہم خوشی کا اظہار کرتے ہیں۔۔۔۔۔

(شور)

Mr. Deputy Speaker: Thank you, Noor Sehar. Now the next one, Mohtarma Shazia Aurangzeb Sahiba, please-----

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر، جناب سپیکر-----

Mr. Deputy Speaker: please no cross talking…

(قطع کلامی)

Mr. Deputy Speaker: You please, Mohtarma Shazia Aurangzeb Sahiba, MPA, please.

Ms. Shazia Aurangzeb: Thank you, Mr. speaker-----

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک ریکویسٹ ہے کہ Confine your speech to the supplementary budget اور مختصر کریں۔

بیگم شازیہ اورنگزیب خان: Yes, alright, thank you. بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ Thank you, Mr. Speaker and thank you very much for honouring me for the second time in this second round of Budget presentation. جناب سپیکر! آج کے اس صوبائی ضمنی بجٹ میں اتنے Technical flaws ہیں، جناب سپیکر، اتنے Technical flaws ہیں کہ اتنے Technical flaws تو کبھی ایم ایم اے کی حکومت کو چلانے میں بھی نہ تھے۔ یہ بجٹ صرف Presumptions کی بنیاد پر بنایا گیا ہے اور اس میں ان فنڈز کے بارے میں بات کی گئی ہے جو کہ نہ ان کو ملنے ہیں اور نہ ان کا کوئی وجود ہے۔ جناب سپیکر، یہ تو ایسی مثال ہوئی کہ جیسے ہم کہتے ہیں کہ کشمیر ہماری شہ رگ ہے، ہم Claim کرتے ہیں تو کیا کشمیر ہمارا ہوا؟ بھارت کہتا ہے کہ پاکستانی کشمیر ان کا اٹوٹ انگ ہے تو کیا پاکستانی کشمیر ان کا ہوا؟ جناب سپیکر! یہ صوبائی حکومت ان فنڈز کی بات کرتی ہے جو Presumptions کے اوپر Based ہے اور سب سے مضحکہ خیز بات یہ ہے کہ ان فنڈز کا تو وجود بھی نہیں اور ان کھاتوں میں بھی اپنے پراجیکٹس ڈال دیئے ہیں۔ جناب سپیکر، دو کھرب، چورانوے ارب کے اس بجٹ میں ان پچیس ارب فنڈز کا بھی ذکر ہے جو کہ یہ Expect کرتے ہیں کہ واپڈا ان کو دیگا لیکن جناب سپیکر، جیسا کہ میں نے اپنی Last Speech میں کہا تھا کہ واپڈا کے ممبر فنانس، چوہدری عبدالقدیر نے Disclose کیا کہ واپڈا Broke ہو چکا ہے، واپڈا کے پاس فنڈز نہیں ہیں کہ وہ اس صوبے کو دیں اور اس کیلئے جناب سپیکر، انہوں نے آئی ایم ایف سے کمٹمنٹ بھی کر لی ہے کہ وہ ٹیرف کو بڑھائیں گے اور وہ اس صوبے کے عوام کو مزید کھینچیں گے، ان کا خون نچوڑیں گے اور ان کی چمڑیوں کو

اور کھینچیں گے تو پھر یہ پیسے اس صوبے کو دیں گے لیکن تب بھی ایسا نہیں ہوگا جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! یہ ضمنی بجٹ اصلی بجٹ سے بھی زیادہ Important ہوتا ہے اور اس کی Reasons یہ ہوتی ہیں کہ یہ صوبائی حکومت اپنے پلاننگ، اپنی وژن اور اپنی پالیسی کو شو کرتا ہے، But on the counter, Mr. Speaker, انہوں نے تو Prove کر دیا کہ Planners ان کے پاس نہیں ہیں، پالیسی میکرز ان کے پاس نہیں ہیں، وژن ان کی بڑی کمزور ہے کیونکہ جناب سپیکر، ان کے جتنے بھی محکمے ہیں، انہوں نے اپنے پچھلے سال کے ریکارڈ میں ٹیکس اینڈ ریونیو ڈیپارٹمنٹ کو جو ٹارگٹ مقرر کیا تھا اور مثال کے طور پر جناب سپیکر، اگر انہوں نے ایک کروڑ کا ٹارگٹ سیٹ کیا تھا، انہوں نے یہ Expect کیا تھا کہ وہ ایک کروڑ Recover کرینگے لیکن انہوں نے مثال کے طور پر Recover کیئے دس لاکھ روپے تو نوے لاکھ روپے خسارے میں چلے گئے۔ جناب سپیکر، اصلی معنوں میں ان کی کتابیں کہتی ہیں کہ ٹیکس اینڈ ریونیو ڈیپارٹمنٹ نے پچھلے سال چار سے پانچ ارب روپے کا خسارہ کیا، انہوں نے Recoveries نہیں کیں۔ جناب سپیکر، ایک طرف پانچ ارب روپے کا خسارہ ہے تو دوسری طرف پچیس ارب روپے واپڈا کا خسارہ ہے تو جناب سپیکر، پینتیس ارب روپے کا ٹیکہ تو یہ عوام کو لگا چکے، یہ بجٹ تو Already خسارے میں جا چکا ہے، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، میں اپنے فنانس منسٹر صاحب سے پوچھنا چاہونگی کہ چونکہ جب بجٹ بنایا جاتا ہے تو اس میں سوشل سیکٹرز کو فنڈز کی کچھ Allocations ہوتی ہیں اور کچھ ہوتی ہیں Developmental یا Productive Sectors کو، انہوں نے سوشل سیکٹرز کو 70% کی Allocations کی ہیں اور اس کے برعکس Productive Sectors کو 20% انہوں نے Allocations کی ہیں اور ان Productive Sectors میں ہمارا ٹورازم، ہماری انڈسٹریز اور اس میں ہمارے جنگلات بھی آتے ہیں اور دوسری طرف سوشل سیکٹرز میں ہماری ہیلتھ، ایجوکیشن اور صوبوں والے سیکٹرز آتے ہیں اور اس میں پبلک ہیلتھ کی ڈیپارٹمنٹ بھی شامل ہے تو جناب سپیکر، میں ان سے پوچھنا چاہونگی کہ ان کی وژن اتنی کمزور کیوں تھی؟ ان کی پالیسیز کیوں Self reliance پر Base نہیں ہوتیں؟ اور آپ دیکھیں کہ جناب، آج تو سویٹزرلینڈ ایک چھوٹا سا ملک ہے اور ان کی پوری کی پوری ریونیو جو ہے، تو وہ ٹورازم سے Generate ہوتی ہے لیکن یہاں پہ دیکھیں کہ ان سیکٹرز کو تو اتنے فنڈز دیئے ہی نہیں گئے۔ جناب سپیکر! یہ بات کرتے ہیں کہ مردان میں انڈسٹریل زون کھولیں گے، چلیں ہم مان لیتے ہیں کہ یہ اس سال میں یا اگلے سال میں وہ کھول بھی لیں گے لیکن ان Sick Units کا کیا ہوا؟ جناب سپیکر، ان Sick Units کا کیا ہوا، جن کو اگر یہ

Revamp کرتے تو ان کی وہ Promises کہ پانچ ہزار لوگوں کو یہ روزگار فراہم کریں گے، تو آج اگر یہ ان Sick Units کو Revamp کرتے تو یہ دس لاکھ لوگوں کو صوبے میں روزگار فراہم کر سکتے تھے۔
جناب، ان کی وژن، ان کی Failure اور ان کی پالیسیز کی کہانی یہاں سے شروع ہوتی ہے۔ They have got such bad governance. Mr. Speaker, they have got bad governance and bad policies. جناب سپیکر، یہ ایک مایوس کن بجٹ ہے اور ہم ان کیلئے دعا ہی کر سکتے ہیں۔ جناب، ہم تو یہاں بیٹھے ہیں کہ انگوٹھا لگائیں گے، ہم اگر اعتراض بھی کریں، ہم شور بھی کریں، ہم روئیں اور ہم پیٹیں بھی لیکن جناب سپیکر، ہمارے رونے اور پیٹنے سے کچھ نہیں ہوگا کیونکہ ان کے ہی Colleagues ہاتھ اٹھا کے ان کے بجٹ کو Approve کریں گے اور اس صوبے کے بجٹ کو خسارے کی طرف لے جائیں گے۔ تھینک یو ویری مچ۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you. Next one, Jnanb Ziad Akram Durrani Sahib. Not present it lapses. Next one, Janab Naseer Muhammad Khan Maidadkhel, honourable, MPA. Not present it lapses. Next one, Javed Abbassi Sahib.

جناب محمد جاوید عباسی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر!۔۔۔۔

جناب لیاقت علی شباب (وزیر آبکاری و محاصل): جناب سپیکر! زما دے خور خبرے اوکڑے خو د عباسی د تقریر نه مخکښې زهٔ د هغے خبرو جواب ورکوم، تاسو مهربانی اوکړئ او ما له اجازت راکړئ۔

جناب سپیکر: لیاقت شباب صاحب۔

وزیر آبکاری و محاصل: شکریه، جناب سپیکر۔ سرا زهٔ خپلے محترمے خور شازیه اورنګزیب صاحبے ته دا وایم جی چه کم از کم د ریونیو او د ټیکس باره کښے خبره دوئ اوکړه چه د ګورنمنټ وژن نشة او د ګورنمنټ پلاننګ نشته او د ګورنمنټ Failure دے خو په څیزونو باندے او په ضمنی بجټ ئے نه دے کړے خو زهٔ بیا هم لږ غوندے دے خور ته په دے August House کښے دا شے کلیئر کول غواړمه چه په مفروضو باندے خبرے نه دی پکار، لکه چه مثال ئے ورکړو چه یو کروړ د ټیکس ټارګټ وو او هغے کښے یو لاکھ روپئ ریکوری اوشوله او باقی اونشوه، دا د ګورنمنټ Failure دے، زهٔ دا ګزارش کوم چه په دے صوبه خیبر پختونخوا کښے د ټیکس جنریشن چه کوم ډیپارټمنټ کوی، په هغے کښے

ایکسائز اینډ ټیکسیشن د ټولو نه سینیئر ډیپارټمنټ دے او د دے پراونشل ټیکسز چه څومره وی، تقریبا 60% ریونیو دغه ډیپارټمنټ جنریټ کوی، باقی دا نور درے څلور ډیپارټمنټس چه دی نو هغه 40% یا 42% جنریټ کوی۔ زهٔ دے خپلے خور ته دا ګزارش کول غواړمه چه مونږ ته د ګورنمنټ د طرف نه کوم ټارګټ په پریویس کال کښے ملاؤ شوے وو نو مونږه هغه ټارګټ 100% هم Achieve کړے دے او د دے کال دا کرنټ ایئر چه کوم روان دے، د دے ټارګټ هم چه مونږ ته کوم ملاؤ شوے وو، هغه لا نن هم مونږ سره د تیس تاریخ پورے ورځے شته خو د الله کرم دے او د ډیپارټمنټ محنت وو چه مونږ هغه ټارګټ په اکیس تاریخ باندے Access کړے دے۔ (تالیاں) نو دا خبره کول هسے مضحکه خیز ده چه ګورنمنټ ټیکس کلیکشن نه دے کړے او په مفروضو باندے خبرے دی نو ځکه ما دا وضاحت ضروری ګڼړلو چه زما د دے خور نالج او وژن ډیر زیات دے، مونږ ئے Appreciate کوؤ خو کم از کم ما دا تصحیح غوښته، ډیره مننه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب جاوید عباسی صاحب، پلیز۔ جاوید عباسی صاحب۔

محترمہ شازیہ اورنگزیب: جناب سپیکر! جناب سپیکر! ایک منٹ، دلته د دس ارب روپو خبره ئے کړے ده۔۔۔۔

Mr. Deputy Speaker: No debate please. No debate please, No.

محترمہ شازیہ اورنگزیب: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: بس اس نے جواب دے دیا۔ پلیز جاوید عباسی صاحب۔ جاوید عباسی صاحب۔

محترمہ شازیہ اورنگزیب: ما ته به د دے Explanation راکوی، ما ته دا دے دا ټول کتابونه هم کهلاؤ دی، نن وائټ پیپر، دا صرف په ډکولو باندے خو نه کیږی جناب سپیکر۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: تھینک یو ویری مچ، جناب سپیکر۔ تھینک یو ویری مچ۔ جناب سپیکر! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے ضمنی بجٹ پر بات کرنے کی اجازت دی ہے۔ یہ شاید روایت بھی رہی ہے اور یہ ہمیشہ ضمنی بجٹ پہلے بھی آتا رہا ہے اور آئندہ بھی آتا رہے گا، اس کیلئے ضروری ہے کہ جب آج ہم یہ بجٹ سٹڈی کر کے پاس کر رہے ہیں تو بہت سی چیزیں نئی آتی ہیں اور نئی آئیں گی وقت کے لحاظ سے اور بہت

ساری چیزیں آج کوئی بھی حکومت ہو، اس وقت شاید اندازہ نہیں ہو سکتا، انہیں بعد میں لانا پڑیگا اور اس بجٹ میں ایک دفعہ یہ معاملہ اسلئے بھی ہوا ہے کہ بڑی اماؤنٹ آئی ہے جو دس ارب روپے ہائیڈل کے اور بہت سا آئی ڈی پیز کیلئے پیسہ آیا تو وہ بھی اس August House میں انہیں لانا چاہیئے تھا جو انہوں نے اس کے ساتھ یہاں Reflect کیا ہے۔ جناب سپیکر، میری صرف چند گزارشات ہیں اور میں اس پہ بہت مختصر بات کرونگا، میں نے بجٹ سپیچ میں ڈیٹیل بات کی ہے اور ہماری پہلی تقریر میں بھی حکومت سے یہ گزارش رہی ہے اور آج بھی ہے کہ جن ڈیپارٹمنٹ کا، میری بہن نے آئی ڈی پیز کے متعلق بات کی ہے اور لاء اینڈ آرڈر کی جو سچویشن ملاکنڈ میں گزری ہے، وہاں کی جو صورتحال تھی اور جو کچھ وہاں کیا گیا تو ہم اس کو سپورٹ کرتے ہیں اور حکومت Justified ہے اور اگر اس سے زیادہ بھی وہاں بہتری لانے کیلئے کہتے تو ہم اس کو بھی سپورٹ کرتے، یقیناً وہ مشکل حالات تھے اور کسی نے اس پر Object نہیں کیا۔ جناب سپیکر، لاء اینڈ آرڈر کا معاملہ بھی بہت ضروری تھا اور بہت بڑی تعداد میں ہماری بہنیں اور بھائی آئی ڈی پیز ہو کر باہر آئے تھے۔ اس سال کا بجٹ اور آئندہ کا بجٹ بھی اگر لگ جائے تو ملاکنڈ کے بھائیوں کیلئے قربانی دینے کیلئے ہم اور سارا ہاؤس تیار ہے اور انشاء اللہ تیار رہے گا۔ ہم نے ایسی کوئی بات نہیں کی اور نہ ہمارے ذہن میں آئی ہے اور وہ ضروری تھے۔ ہم نے اس وقت بھی کہا تھا کہ بجٹ تو ہر مہینے میں نہیں آ سکتا لیکن جو پیسہ ہے تو وہاں آئی ڈی پیز پر خرچ کیا جائے اور بعد میں ہاؤس میں لایا جائے تو انشاء اللہ ہم اس کی منظوری دیں گے اور میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں حکومت کو، پولیس کو اور دوسری لاء انفورسمنٹ ایجنسیز کو بھی کہ ان مشکل حالات میں انہوں نے ملاکنڈ میں امن لایا اور یہ امن کبھی بھی ممکن نہیں ہو سکتا تھا کہ اگر ہماری ساری پولیٹیکل قوتیں اور پولیٹیکل جماعتیں اس معاملے کو سپورٹ نہ کرتیں لیکن جناب سپیکر، کچھ محکموں کے متعلق ہمیں ضروری معلومات چاہئیں۔ اگر حکومت کی طرف سے جناب وزیر خزانہ صاحب بھی اس کو سنیں اور اگر انہیں ناگوار نہ گزرے کہ جن محکموں کے اوپر کرپشن کے الزامات تھے، جن محکموں میں کرپشن کی وجہ سے ملازمین یا آدمی نکالے گئے تھے یا جن محکموں میں کرپشن کی انوسٹیگیشن جاری تھی، انہوں نے اگر زیادہ پیسہ خرچ کیا تو میرا خیال تھا کہ وہ Justified نہیں ہے جناب سپیکر، ان کو روکنا چاہیئے تھا ہاؤس میں۔ اس وقت جب ضمنی بجٹ ہے تو ان سے پوچھتے کہ جناب ٹھیک ہے لیکن یہ بہت اچھا ہوتا کہ اگر آج کے ضمنی میں ایک ایک، ڈیڑھ اور دو دو کروڑ روپے ڈیویلپمنٹ کے پیسوں میں سے اگر ایم پی ایز کو بھی دیئے گئے ہوتے تو وہ بھی آتے تو ہم اس کو زیادہ Appreciate کرتے لیکن ان محکموں نے جن کے

نام یہاں لکھے ہوئے ہیں ایک سے بارہ تک، میں سب محکموں کے بارے نہیں کہونگا لیکن کچھ محکمے ضرور ہیں، جن میں کرپشن کے اوپر ان کے ملازمین کو سسپنڈ کیا گیا ہے یا ان کو ڈسمس کیا گیا ہے، ان کی انکوائری جاری ہے، ان کے بھی خرچے زیادہ ہیں اور کچھ کے اوپر بڑی Serious reservations ہیں لوگوں کی، ہماری بھی اور حکومت کی بھی، تو انہوں نے بھی بہت زیادہ پیسہ، جو ان کیلئے بجٹ میں Allocate ہوا تھا، اس سے وہ آگے بڑھے، بہت خوشی ہوتی کہ یہاں ان کیلئے پابندی لگا دی جاتی کہ نہیں، آپ کی پرفارمنس وہ نہیں تھی جو ہم Expect کرتے تھے، بہت سی چیزیں بعض دفعہ کرنی پڑتی ہیں۔ مثلاً ہیلتھ ہمارا بڑا ڈیپارٹمنٹ ہے، اگر اس میں کہیں زیادہ خرچہ کر رہے ہیں، یا ہو سکتا ہے ایجوکیشن بھی ہو سکتی تھی، اس طرح کے اور بڑے محکمے، سی اینڈ ڈبلیو کا ایسا محکمہ ہے کہ یہ خرچہ کر سکتا ہے، بعض دفعہ کوئی ایسی چیز سامنے آ جاتی ہے جس کا ہمیں پتہ نہیں ہوتا لیکن اسے کرنا پڑتا ہے، وہ Justify ہے لیکن جناب، کچھ محکمے جن کا میں نام اسلئے نہیں لے رہا کیونکہ میں نے بجٹ سپیچ میں لیے ہیں، اگر ان کے اوپر یہ پابندی لگا دی جاتی، تو ان کیلئے یہی چیک ہوتا کہ چونکہ آپ کی پرفارمنس وہ نہیں تھی جس کی ہمیں آپ سے توقع تھی، لہذا آپ کے اوپر جو پیسہ زیادہ آیا ہے، اس پیسے کو ہم اس طرح پاس نہیں کر سکتے، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! یہاں ہزارہ ایشو پہ بات ہوئی ہے، میں اس کی ڈیٹیل میں نہیں جاؤنگا اور نہ اس کو ڈسکس کرنے کا موقع ہے، ہماری بہن نے وہاں سے کھڑے ہو کے انہوں نے بھی، ہماری طرح جذباتی ہو کر وہ بھی باتیں کر سکتی ہیں، نام کا جو ایشو تھا، یہ ہم نے بڑا ڈسکس کیا ہے اور یہ سارا کریڈٹ اور یہ سارے معاملات کوئی بھی سمیٹ سکتا ہے اور نہ آپ اپنی جھولی میں ڈالیں۔ یہ سلام اگر ہے تو اس پارلیمان کو ہے کہ اس پارلیمان میں بیٹھ کر جب اٹھارویں ترمیم لائے ہیں تو یہ کریڈٹ بھی ساری جماعتوں کو جاتا ہے، تو اس کی اچھائی اور برائی بھی اگر ہے تو وہ بھی سب کے حصے میں جاتی ہے۔ تو آپ یہ مہربانی کیا کریں کہ جب کھڑے ہو جاتے ہیں تو یہ ٹھیک ہے، آپ اپنے آپ کو بھی کریڈٹ دیں اور اوروں کو بھی کریڈٹ دیں، ہم اس کریڈٹ پہ کسی وقت بات کریں گے لیکن یہ کوئی ایشو نہیں ہے، یہ وہ ماحول نہیں ہے، یہ کوئی ضروری نہیں ہے کہ اگر کوئی ایک ممبر بات کرے تو اس کو اسی طرح جواب دیا جائے۔ (میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات) اور قاضی محمد اسد خان (وزیر اعلیٰ تعلیم) کو مصروف گفتگو دیکھ کر)، میری میاں افتخار صاحب سے یہ ریکویسٹ ہے، میاں صاحب، میں انتظار کر لیتا ہوں، آپ بات کریں۔

(قہقہے)

جناب محمد جاوید عباسی: اچھا جی، مہربانی میاں صاحب۔ ایک بہت ضروری بات ہے جو میں ان کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں اور میں ماحول کو بھی خراب کرنا نہیں چاہتا کہ یقیناً ہزارہ میں اس وقت بہت شدید دباؤ ہے۔ ہزارہ کے لوگوں میں بہت سے لوگ چاہتے ہیں کہ جو رپورٹ ہائیکورٹ کے جج صاحب نے دی ہے، اس میں سارے لوگ اس ٹریبونل کے سامنے پیش ہوئے، کسی نے بھی اس ٹریبونل کے سامنے پیش ہونے سے انکار نہیں کیا اور نہ ہی اس وقت کہا کہ ہم اس ٹریبونل کے سامنے پیش اسلئے نہیں ہوتے کہ ہمیں جج پر یقین نہیں ہے، جو آدمی بھی اپنی سٹیٹمنٹ کسی جج کے سامنے ریکارڈ کرتا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ وہ اپنے طور پر کہتا ہے کہ مجھے اس پر پورا اعتماد ہے اور اعتقاد ہے، اب یہ بڑے ظلم کی بات ہے کہ اگر ایک رپورٹ، انکے کہنے پر ہائیکورٹ کا جج اپوائنٹ ہوا ہے، انکے کہنے پر ساری Investigation ہوئی ہے، اب رونے میں ان کو جانا نہیں چاہیئے، مجھے حکومت سے پرزور اپیل ہے۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں، میں پوری توجہ انکی لونگا اور اس طرح کی بات نہیں ہوگی۔ (تالیاں) میں اسلئے رکا تھا اور میں نے کہا کہ سینیئر لوگ بات کرلیں، مہربانی بشیر صاحب، تو ہماری یہ درخواست ہے کہ اس رپورٹ میں جو جو بھی آتے ہیں، میں نے اپنی سپیچ میں بھی کہا تھا جب تک وہ رپورٹ پوری طرح Implement نہیں ہوگی، اس وقت تک نام مختلف لوگوں کے لیتے جاتے رہیں گے، کوئی کہے گا کہ اس میں، ساری دنیا کو پتہ ہے اور اب رپورٹ نے واضح کردیا ہے کہ ہزارہ کے اندر امن کس نے تباہ کیا ہے؟ ہزارہ میں لاشیں کس نے گرائی ہیں؟ ہزارہ میں کن لوگوں کو کس وجہ سے مروایا گیا ہے؟ وہ شہر جو امن کا گہوارہ ہوا کرتا تھا، ان کی جو مہمان نوازی تھی، وہاں لوٹ مار کس نے کروائی اور کس کے کہنے پر ہوئی ہے؟ حکومت کو بھی اب ایک Determined فیصلہ کرنا ہوگا۔ میاں صاحب! حکومتیں ہمیشہ جرگوں سے نہیں ہوتیں اور نہ ہی حکومتیں ہمیشہ یہ دیتی ہیں، ایک سیشن جج اسلئے سزائے موت کا فیصلہ نہ دے سکے کہ وہ کہے کہ باہر دو سو آدمی کلاشنکوف والے کھڑے ہیں اور اگر میں سزائے موت کا فیصلہ دونگا تو یہ میری عدالت پر قبضہ کرلیں گے، یہ بات نہیں ہوتی، سیشن جج عدالت میں فیصلہ دیتے وقت اوپر خدا اور نیچے اس کو انصاف دینا ہوتا ہے، (تالیاں) آج حکومت سے بھی لوگ انصاف کی توقع کرتے ہیں۔ (تالیاں) وہ کیوں؟ جناب سپیکر، حکومت کی کیا مجبوری ہے، حکومت کو کس چیز نے روکا ہوا ہے؟ کس ڈر اور خوف کے عالم میں آپ رہ رہے ہیں کہ آپ اس رپورٹ کے اوپر نہ آتے ہیں، نہ بات کرتے ہیں اور نہ اس کو

ہم یہاں انصاف کی توقع کرتے ہیں، ہم انصاف کیلئے آپ Implement کرتے ہیں؟ (قہقہے) ہم یہاں انصاف کی توقع کرتے ہیں، ہم انصاف کیلئے آپ کے پاس آئے ہوئے ہیں۔ ہمارے بچے اور بزرگ وہاں چلا چلا کر کہہ رہے ہیں کہ ہمیں بتایا جائے کہ ہزارہ میں قتل کرنے والے کدھر ہیں؟ قاتل کون ہے؟ جناب سپیکر، ہمارا لہو کن کے ہاتھوں پر ہے، کون ہے وہ؟ (قہقہے) کوئی تو ہے جس نے وہاں آ کے ہمارے بچوں کو مارا ہے۔ کوئی تو ہے جس نے وہاں لاشیں گرائی ہیں، کوئی تو ہے جس نے وہاں کا امن تباہ کیا ہے۔ حکومت کی خاموشی، اگر اب حکومت خاموش رہے گی تو میں معذرت کے ساتھ کہنا چاہونگا کہ پھر حکومت پہ بھی ہمیں، آپ کے اس پر بھی ہمیں شک ہونا شروع ہو جائے گا۔ (تالیاں) آپ بھی؟ آج انصاف ہے آپ کے اوپر، آپ مت کہیں، اس بات کو ماننے کیلئے جناب سپیکر، میں بالکل تیار نہیں ہوں کہ جناب ہم نے ٹیکنیکل آدمی کو بھیجا ہوا ہے، ہم نے ٹیکنیکل رپورٹ بھیجی ہے۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب محمد جاوید عباسی: میری بہن! آپ تشریف رکھیں، آپ تشریف رکھیں، آپ کی حاضری لگ گئی ہے اور یہ انہوں نے حاضری لگالی ہے آپ کی۔ (قہقہے) ان کو پتہ چل گیا انشاء اللہ۔ سفارش کرتا ہوں کہ آئندہ منسٹری میں انکا نام شامل کیا جائے۔ (تالیاں) سفارش کرتا ہوں۔ جناب سپیکر، یہ بڑے دکھ اور درد کی بات ہے۔۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: لیاقت شباب صاحب۔

جناب لیاقت علی شباب (وزیر آبکاری و محاصل): دلته دا حاضری لګول، دا زمونږ ملګرے دے خو کم از کم دا قسمه۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: لیاقت شباب صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں جی، لیاقت شباب صاحب کو کہیں کہ میری بات کے بعد بات کریں۔ یہ بات کر رہے تھے اور ہم سنتے رہے ان کی بات۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تشریف رکھیں۔

جناب محمد جاوید عباسی: میری بات پوری ہو گی تو لیاقت شباب کی بات سنیں گے۔ میری بات پوری ہونے دیں۔

وزیر آبکاری و محاصل: کم از کم آپ کو یہ زیب نہیں دیتا۔۔۔۔۔

(شور)

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں، میری بہن، ہم نے کہا۔۔۔۔۔

وزیر آبکاری و محاصل: کہ یہ کہنا کہ ان کا نمبر نوٹ کر لیں اور انکو وزرات دے دو، یہ طریقہ نہیں ہے۔

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں، انہوں نے ہماری بات کیوں بیچ میں کاٹ دی؟

جناب ڈپٹی سپیکر: لیاقت شباب صاحب!۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: آپ نے ہماری ممبر صاحبہ کو بولنے دیا، آپ اٹھ کے بولے اور ہم نہیں بولے آپ کیلئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جاوید عباسی صاحب، جاوید عباسی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: جی، جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مختصر پلیز۔ پلیز مختصر۔

جناب محمد جاوید عباسی: ہماری حکومت سے یہی گزارش ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پلیز مختصر۔

جناب محمد جاوید عباسی: ہم حکومت سے گزارش کر رہے ہیں، ہم کہہ رہے ہیں کہ ایک رپورٹ آئی ہوئی ہے جو آپ کے پاس پڑی ہوئی ہے۔ آپ نے بڑے فخر کے ساتھ، میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے جو رپورٹ پبلش کی ہے، اب وقت آگیا ہے جناب سپیکر، کہ اس رپورٹ پر پوری طرح عمل کیا جائے، رپورٹ کو پوری طرح Implement کیا جائے۔ اس رپورٹ کی وجہ سے جن جن لوگوں کا نام آیا ہوا ہے تو لوگوں کو پتہ چلنا چاہیئے اور ان کے خلاف کیسسز رجسٹرڈ ہونے چاہئیں۔ جب تک جناب سپیکر، اس رپورٹ پر پوری طرح عملدرآمد نہیں ہوگا تو ہزارہ میں امن نہیں آ سکتا۔ ہزارہ کے لوگ سوچ لیں، ہم کوئی چیز اس طرح نہیں مانگ رہے، ہم کہہ رہے ہیں کہ صرف، اب حکومت کی ذمہ داری ہے کہ جب رپورٹ آ گئی ہے تو مہربانی کر کے اب Technicalities میں نہ جائیں۔ مہربانی کر کے اس پر چھ مہینے اور نہ لگائیں بلکہ اس پر پوری طرح عملدرآمد ہونا چاہیئے، جناب سپیکر۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you very much.

جناب محمد جاوید عباسی: اگر لیاقت شباب صاحب کا دل کسی بات پہ، تو وہ ہماری بھی بہن ہیں اور میں معذرت خواہ ہوں، میں کوئی ایسی بات نہیں کرنا چاہتا جس طرح کا ماحول ہے لیکن حکومت پہ ہمیں یقین

ہے کہ انشاء اللہ ہمیں آج انصاف ملے گا اور میاں صاحب کی دھواں دھار تقریر میں انشاء اللہ، میاں صاحب تاریخ دیں گے کہ ہم نے کب یہ رپورٹ انشاء اللہ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جاوید عباسی صاحب! تشریف رکھیں، Thank you very much۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: سپیکر صاحب! ټیکنیکل خبره ده جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر ثاقب اللہ خان جی۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ډیره مهربانی۔ جناب سپیکر صاحب، زۀ بخښنه غواړمه چه د خپل نمبر نه مخکښے پاځیدم خو یو ډیره ټیکنیکل خبره ده جی او زۀ به غواړمه چه ستاسو رولنګ پرے هم راشی او تاسو زمونږ لږ مرسته اوکړئ جی۔ جناب سپیکر صاحب، سپلیمنټری بجټ باندے بحث روان دے او د دے نه پس به کټ موشنز راځی جی، زۀ به جی دا خپله خبره چه تاسو ته رسوومه نو زۀ د کانسټی ټیوشن آرټیکل 84، Quote کړمه او د هغے نه شروع کیږمه۔ آرټیکل 84 وائی سر:

"If in respect of any financial year it is found:-

(a) that the amount authorized to be expended for a particular service for the current financial year is insufficient, or that a need has arisen for expenditure upon some new service not included in the Annual Budget Statement for that year; or
(b) that any money has been spent on any service during a financial year in excess of the amount granted for that service for that year;

the Federal Government shall have power to authorize expenditure from the Federal Consolidated Fund, whether the expenditure is charged by the Constitution upon that fund or not, and shall cause to be"-----

جناب ڈپٹی سپیکر: ثاقب اللہ خان صاحب۔۔۔۔۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: سر دا لږ ضروری ده جی

"And shall cause to be laid before the National Assembly Supplementary Budget Statement or, as the case may be, an Excess Budget Statement, setting out the amount of that expenditure, and the provisions of Articles 80 to 83 shall apply to

those statements as they apply to the Annual Budget Statement".
آرټیکل 80 او 83 سر، چه دی، خودبخود Annual Budget دغه کوی چه هر کال Annual Budget په هغے کال کښے به تاسو سپلیمنټری بجټ هم ورکوئ او Excess Budget هم کوئ۔ سر، ټیکنیکل خبره ده۔۔۔۔

جناب ډپټی سپیکر: ثاقب اللہ خان! دا آرټیکل 84، Applicable نه دے، آرټیکل 124 دے پراونشل ته Applicable دے، تاسو اوګورئ او آرټیکل 124 رااوباسئ، Article 84 is only applicable to Federal Government and 124 is for the Provincial Government.

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: سر، ډیره زیاته مهربانی خو It's the same مقصد دے جی، مقصد ورکښے Same دے۔ سر، ټیکنیکل خبره ورکښے دا ده جی، دلته جی په Budget Statement کښے سباء کټ موشنز دی، سپلیمنټری بجټ، Annual Budget اوس د نوی کال مونږه پاس کړے دے او په هغے کښے هر یو Figure چه موجود دے نو په هغے کښے د دے هاؤس Commitment دے، دے هاؤس پاس کړے دے، هغے Figures کښے اوس څه ردوبدل نه کیږی، اوس چه سپلیمنټری بجټ باندے مونږه بحث کوؤ چه کله مونږه د مخکښنی کال دغه کړے دے Annual Budget، د هغے حیثیت دے، سباء مونږه کټ موشنز راولو او فرض کړه دے ته به شروع شو چه دلته نه اپوزیشن برائے اپوزیشن خبرے کوی، نه ټریژری بنچز خپله خبره دغه کوی، که کټ موشن سبا یو پاس شی، د روپئ د وی، که د یو روپئ کټ موشن پاس شو او هغه اپوزیشن اومنستو او ټریژری بنچز هم اومنستو چه بهئ دا ټهیک دے او مونږه ئے پاس کوؤ، په هغے باندے دا Annual Budget چه کوم مونږه پاس کړے دے او د سپلیمنټری بجټ نه مو مخکښے پاس کړے دے، هغے باندے به اثر پریوځی او که نه پریوځی؟ بالکل به پریوځی۔ چه پریوځی سر، نو بیا به 2010-11 بجټ پاس کوؤ؟ جناب سپیکر صاحب، زما په خیال کښے، ستاسو رولنګ مے په دے خبرے باندے پکار دے چه په دغه ټائم باندے چه کله تاسو Annual Budget پاس کړو او د نوے کال مو پاس کړو، د زوړ کال سپلیمنټری بجټ باندے یا ډسکشن کول او یا خامخا ډسکشن خو زما په خیال For the sack of knowledge, for the sack of correction for the next year خو ټهیک ده خو کټ موشنز Illegal دی، دا

تاسو راوستے نه شئ، که هغه د آرٹیکل 84 لاندے دے او که د آرٹیکل 124 لاندے دے، دواړه که تاسو اوګورئ سر، نو هغے کښے دا ډیر دغه دے چه سپلیمنټری او Excess Budget چه کله Need arise شی نو هغه وخت به تاسو، د ګورنمنټ دے چه هغه د Emergency deal کولو د پاره Discretion نه د واخلی خو چه یو ځل واخلی نو Consolidated Fund As soon as possible, at least before Annual Budget چه کله تاسو پیش کوئ نو د هغے نه مخکښے پکار دا ده چه دا پاس شی۔ د هغے نه مخکښے پکار ده چه په دے ډسکشن اوشی او د هغے نه مخکښے پکار دا ده چه په هغے باندے کټ موشنز راشی۔ اوس سر، دا عجیبه غوندے کار دے چه که فرض کړه دا خو به مونږه، کټ موشن دے هغه ئے Lock کړے دے، زمونږه رولز آف بزنس دے، قانون دے او د هغے په Through باندے شوے دے، اوس کیدے شی یا خو دا ده چه بس هغه Formalities دی خو سر، دا یو روایت ډیر د مخکښے نه روان دے او دا بالکل Illegal روایت دے۔ زما ریکویسټ دا دے چه دوه خبرے په سپلیمنټری بجټ، پکار ده چه څنګه سپلیمنټری Expenditures اوشی، چه څنګه Excess eggs دی، پکار ده چه راشی خو که نه وی نو سر، بیا پکار دا ده چه دا د Annual Budget نه مخکښے راځی۔ بل سر، په دے Annual Budget کښے به هم تاسو Excess کتلے وی نو هغه به مونږ ته هم راځی، دغه به هم راځی نو زهٔ دا ریکویسټ کوم سر، چه تر اوسه پورے Excess Budget دوئ راکوی نو زهٔ دا ریکویسټ کوم چه Excess Budget زاړه چه څومره دی، هغه د دے کال کښے راشی، د نورو زړو د هم راشی خو چه تر څو پورے د دے سپلیمنټری بجټ کار دے، ډیبیټ پرے بالکل پکار دے چه مونږه خپلے غلطیانے اوښایو، خپلے زمونږه چه کومے مسئلے وی، هغه اوکړو سر، خو کټ موشنز په دغه ټائم باندے چه Annual Budget پاس شوے دے، زهٔ خو رولنګ غواړم چه سر، د هغے څه حیثیت دے؟ ډیره مهربانی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: میاں افتخار صاحب! تاسو۔۔۔۔۔

<u>جناب بشیر احمد بلور (سینئر وزیر(بلدیات))</u>: سپیکر صاحب! ثاقب خان چه دا کومه خبره اوکړله۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بشیر بلور صاحب۔ بشیر بلور صاحب پلیز۔

سینیئر وزیر(بلدیات): دا سپلیمنٹری بجټ هغه دے چه مونږه Already کوم Expenditures کړی دی نو هغه مونږ د هاؤس نه دا اجازت اخلو چه مونږه دا ټهیک کړی دی او که غلط کړی دی؟ دے باندے بحث به هم کیږی او کټ موشنز، مطلب دا دے چه هغوی به خپل وائی چه نه تاسو غلط کړی دی او دا مونږه نه منو نو مونږه به د هغه کټ موشنز جواب ورکوؤ چه نه مونږه دا ټهیک کړی دی او تاسو اومنئ۔ ډسکشن خو به په خپل ځائے باندے کیږی، دا خو تقریرونه دی، دیکښے هر څنګه خبره کیدے شی، پولیټیکل خبره به هم کوی، هره یوه خبره به کوی، کټ موشن خو د دے، مطلب دا دے چه We don't accept that and we say that now you should accept it. نو دیکښے زما خیال دے د هاؤس خبره نه ده، دا خو د دوئ پلار پخپله څلور ځله سپیکر پاتے شوے دے او دا روټین مونږه کوؤ، دا د شپیتو کالو نه هم دغه شانتے رارواں دے او دے هاؤس کښے ډیر لوئے لوئے خلق پاتے شوی دی، ډیر لوئے لوئے وکیلان پاتے شوی دی، دا بالکل ټهیک پراسس دے او دا خبره چه کومه دوئ اوکړه، زما خیال دے تاسو رولنګ اوګورئ او دا خبره ټهیک ده او هم په دے به کار رواں وی نو زۀ خواست کوم چه دا شے د مونږه خپل Continue اوساتو۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ثاقب اللہ خان۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: سپیکر صاحب! یو خو زمونږه مشر خبره اوکړه، که د مشرانو ټائم کښے یو غلط کار شوے وی نو پکار دا ده چه مونږه ئے Correct کړو۔ دویمه خبره دا ده، خبره داسے ده سر، چه زما ریکویسټ دا دے جی۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکرا! زۀ ریکویسټ د کټ موشن کوم جی، کټ موشن جی، سپرټ باندے خبره کوم جی چه قانون په سپرټ باندے چلیږی، د هغے Objectives هم په سپرټ باندے دغه کیږی۔ کټ موشن بالکل، ستاسو خبره

ټهیک ده جی چه کله هغه، دا یو سپلیمنټری بجټ دے، دا جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔

Mr. Deputy Speaker: Yes, yes, please.

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: سپلیمنټری بجټ کښے مونږه هغه شے غواړو چه کوم Already شوے دے جی، Expenditures او د هغے اجازت مونږه غواړو خو فرض کړه که دا سے راځی، گورئ جی د کټ موشن ولے اجازت دے؟ کټ موشن دا دے چه یو شے غلط شوے وی چه هغه ټهیک شی، چه یو شے غلط وی، هغه ټهیک شی، دلته خو که مونږه د حکومت ملگری یو او که د اپوزیشن ملگری یو، ټول دلته ناست یو چه غلطی ټهیک کړو۔ سر! نو که کټ موشن یو هم لا که په دیکښے پاس شو چه چرته مونږه اوکتو، سینیئر منسټر صاحب اوکتو، منسټر فار انفارمیشن اوکتو چه او دا خبره ټهیک ده، د هغے د پاسه به بیا دا کیدے شی چه هغه مونږه اومنو چه دا کټ موشن مونږه اومنستو۔ د روپئ موشن وو، د هغے اثر به په Annual Budget وی او که نه وی؟ سر، دا کوئسچن دے، هغه وی به که نه به وی؟

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر بشیر بلور صاحب۔

سینیئر وزیر(بلدیات): چه مونږ دا کوم Annual Budget پیش کوؤ او دیکښے هم دا یو کټ موشن چرته پاس شی نو حکومت اخلاقی طور باندے پکار ده چه Resign کړی نو دا چه کوم کټ موشن راځی، دا د دوئ حق دے، د اپوزیشن چه دوئ نه منی چه دا مونږ کټ لگوؤ او دا شے غلط دے۔ مونږه به پرے ثابت کوؤ چه نه دا شے ټهیک دے نو څنگه به بیا کټ موشن پاس کیږی؟ یو ځل که دا کټ موشن پاس شی، که ضمنی کښے پاس شی، که ریگولر پاس شی نو حکومت به اخلاقی طور باندے Resign ورکوی۔ نو یو شے کیدے نه شی نو هغه ولے مونږ Presume کړو جی۔

